سوال

(376)کیاماں ولی ہوسکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زینب کے بھائی کی موجودگی میں اس کی ماں ولی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اگران کی ماں زینب کے کے بھائی سے چھپا کر زید سے شادی کرادے تو شادی شرعا جائز ہے یا نہیں؟ شادی کے وقت زینب کی عمر آٹھ سال دس مہینہ تھی۔ اب اس کی عمر گیارہ سال نو مہینے ہوئی اس وقت شادی سے انکار کرتی ہے۔ کہ میری شادی ہوئی نہیں۔ اس صورت میں زینب زید کی زوجیت میں رہے گی یا نہیں۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بھائی عصبہ ولی ہے۔ اس کی موجودگی میں ماں ولی نہیں ہوسکتی۔ لہذانکاح جائز ہے۔ اورلڑکی بعد بلوغ انکار کرسکتی ہے۔ نکاح فسخ ہوجائے گا گوپہلے بھی ناجائز تھا۔

شرفیہ

صورت مرقومہ میں سرے سے نکاح منعقد ہی نہیں ہوا کہ بلاولی کیا گیا ہے۔ بحدیث لانکاح الا بولی۔ الحدیث (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسر

جلد2ص352